تعارف و تبصرہ کتب

جناب اختر راہی ایم اے

برگِ گل ۔ تعلیمی پالیسی نمبر | سرپرست : پروفیسر محمد خلیل اللہ ۔ نگران : پروفیسر محمد ایوب قادری ۔
طباعت عمدہ ، صفحات : ۳۸۴ ، قیمت : درج نہیں ، ناشر : گورنمنٹ اردو کالج ۔ کراچی ۔

انجمن ترقی اُردو پاکستان کے بانی بابائے اُردو مولوی عبدالحق ، اُردو زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے کے داعی تھے انہوں نے اِس مقصد کے لئے " اردو کالج " کراچی کی بنیاد رکھی ۔ مولوی صاحب کی زندگی ہی میں اردو کالج نے ملک کے تعلیمی اداروں میں اپنا مقام بنالیا تھا ۔ اس کا سبب اردو کالج کے سٹاف ، انجمن ترقی اردو اور اردو دوستوں کی مساعی جمیلہ تھیں ۔

" برگِ گل " اردو کالج کا مجلہ ہے اور غالباً سال میں ایک بار شائع ہوتا ہے ۔ کالج کی سلور جوبلی کے موقع پر " برگِ گل " کی خصوصی اشاعتیں " بیادِ سرسید " اور " بیادِ عبدالحق " خراجِ تحسین حاصل کرچکی ہیں ۔

زیرِ نظر خصوصی اشاعت میں پاکستان کی تعلیمی پالیسی ، نظامِ تعلیم اور تعلیمی مسائل پر اہلِ نظر کے مضامین شامل ہیں ۔ برِ صغیر کے اہم تعلیمی اداروں اور تحریکوں پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے ۔ اس سلسلہ میں جامعہ عثمانیہ ، دارالعلوم انجمن نعمانیہ لاہور ، انجمن حمایت اسلام لاہور ، دارالعلوم دیوبند ، دہلی کالج ، جامعہ سندھ ، اورنٹیل کالج لاہور ، جامعہ کراچی ، اردو کالج کراچی ، مدرسہ چشمۂ رحمت غازی پور ، جامعہ علی گڑھ ، سندھ مدرسۃ الاسلام کراچی ، ندوۃ العلماء لکھنؤ اور سندھ کے معروف دینی مدارس کی تاریخ ، نصاب ، خدمات اور اہم شخصیات پر قابلِ قدر مواد مہیا کیا ہے ۔

پروفیسر محمد ایوب قادری صاحب نے اپنے تاریخی ذوق کے پیشِ نظر بعض مضامین بطورِ خاص مرتب کروائے ہیں ۔ ثناء الحق صاحب نے صوبہ سندھ کے ڈسٹرکٹ گزیٹیرز سے صوبہ کے سات اضلاع کی تعلیمی حالت (۱۹۲۰ء) پیش کی ہے ۔ اس طرح عبدالرحمان امرتسری کے سفرنامہ سے اقتباس " پنجاب و سندھ کے تعلیمی حالات " خوب ہے ــــ اس اشاعت پر اُردو کالج کے کارپرداز اور خاص طور پر سرپرست اور نگران حضرات اہلِ ذوق کے شکریہ کے مستحق ہیں ۔